# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 28 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸/نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ حکومت کی تشکیل کیلئے مہایوتی کے اہم رہنماؤں کی آج دلّی میں میٹنگ۔

☆ شیوسینا کی جانب سے وزیرِ اعلیٰ کے عہدے سے متعلق بی جے پی کے فیصلے کی حمایت کا اعلان؛ مہایوتی میں اختلاف نہ ہونے کا دیویندر پھڑنویس کا یقین۔

☆ بیلیٹ پیپر سے انتخابات کے مطالبے کیلئے کانگریس پارٹی کی دستخطی مہم کا اعلان۔

☆ 55ویں بھارتی بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا آج گوا میں اختتام ہوگا۔

اور۔۔۔☆ ریاست کے کئی مقامات پر درجۂ حرارت میں نمایاں کمی؛ جمعہ تک سردی کی لہر جاری رہنے کا محکمۂ موسمیات کا اندازہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاست میں نئی حکومت کے قیام کے سلسلے میں آج فیصلہ ہونے کا امکان ہے۔شیوسینا سربراہ ایکناتھ شندے،بی جے پی رہنما دیویندر پھڑنویس اوراین سی پی صدر اجیت پوار آج دہلی میں مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ سے ملاقات کریں گے۔دریں اثنا' ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ وہ وزیرِ اعلیٰ کے عہدہ کے لئے بی جے پی کے قائدین کے فیصلے کی حمایت کرتے ہیں۔وہ کل تھانے میں نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔

اس موقعے پر شندے نے اپنے دورِ اقتدار میں ریاست میں کیے گئے مختلف کاموں کا جائزہ بھی لیا۔

***** ***** *****

دریں اثنا' شیوسینا کے اراکینِ پارلیمنٹ نے کل دہلی میں مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ سے ملاقات کی۔ شیوسینا کے رُکنِ پارلیمان پرتاپ راؤ جادھو نے کہا کہ یہ میٹنگ ریاست میں اسمبلی انتخابات میں مہایوتی کی کامیابی پر امیت شاہ کو مبارکباد و شکریہ ادا کرنے کیلئے منعقد کی گئی تھی۔

***** ***** *****

این سی پی صدر اجیت پوار نے کہا ہے کہ دہلی میں ہونے والی میٹنگ میں نئی حکومت سازی پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر ایئرپورٹ پر صحافیوں سے مخاطب تھے۔پوار نے کہا کہ نئی حکومت میں ایک وزیرِ اعلیٰ اور دو نائب وزرائے اعلیٰ ہوں گے۔یہ حکومت مستقل طور پر کام اور تمام سماج کو اپنے ساتھ لیکر چلے گی۔انھوں نے ای وی ایم کے بارے میں لگائے گئے الزامات پر ردِّعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ای وی ایم پر الزامات تب ہی لگتے ہیں جب کوئی ہار جاتا ہے۔

بی جے پی رہنما دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ مہایوتی میں کبھی بھی ایک دوسرے کے خلاف اختلاف نہیں تھا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کے قیام کے حوالے سے جلد ہی فیصلہ کیا جائے گا۔

***** ***** *****

جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سربراہ ہیمنت سورین آج جھارکھنڈ کے وزیرِ اعلیٰ کے عہدہ کا حلف لیں گے۔ گورنر سنتوش کمار گنگوار رانچی کے مورہاباد ی میدان پر ہونے والی تقریب میں انھیں رازداری کا حلف دلائیں گے۔ 81 رُکنی جھارکھنڈ قانون ساز اسمبلی میں انڈیا اتحاد کی تعداد 56 ہے، جبکہ بی جے پی کی زیرِ قیادت قومی جمہوری اتحاد کے 24 امیدوار منتخب ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کہا ہے کہ دو دِنوں کے بعد کانگریس پارٹی کی طرف سے ایک دستخطی مہم چلائی جائے گی، جس کا بنیادی مطالبہ ہے کہ انتخابات بیلیٹ پیپر پر کروائے جائیں۔ وہ گذشتہ روز ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں واضح اکثریت ملنے کے باوجود ابھی تک حکومت نہیں بن سکی ہے۔ اس موقع پر سابق وزیرِ اعلیٰ پرتھوی راج چوہان، رُکنِ اسمبلی وجئے وڑیٹوار سمیت کانگریس کے عہدیداران موجود تھے۔ پٹولے نے کہا کہ ہم بیلیٹ پیپر پر انتخابات کے حوالے سے ملک بھر میں ایک عوامی تحریک چلانے جا رہے ہیں اور ہم صدر، وزیرِ اعظم، سپریم کورٹ کے ججوں اور الیکشن کمیشن سے درخواست کریں گے کہ بیلیٹ پیپر پر انتخابات کروائے جائیں۔

***** ***** *****

کل نجی صنعت گروپ کے رشوت ستانی کیس اور مختلف معاملات پر حزبِ اختلاف کے ہنگامے کے باعث پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی متاثر ہوئی۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے ارکان سے بار بار درخواست کی کہ وہ ایوان کے کام کاج کو چلانے کیلئے ایوان کے وقار کو برقرار رکھیں۔ انھوں نے یقین دلایا کہ سوال وجواب کے وقفے کے بعد تمام مسائل پر بات کی جائے گی، تاہم اپوزیشن نے نعرہ بازی جاری رکھی۔
راجیہ سبھا میں بھی کام کاج جاری رکھنے کی اپیل کے باوجود اپوزیشن کا ہنگامہ جاری رہا، جس کی وجہ سے کارروائی دن بھر کے لئے ملتوی کر دی گئی۔

***** ***** *****

حکومت نے کہا ہے کہ بھارتی ریلوے نے تیز رفتار ٹرین کو بنانے کا کام شروع کر دیا ہے۔ وزیرِ ریل اشونی ویشنو نے لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ انٹیگرل کوچ فیکٹری کے تعاون سے تیز رفتار ٹرین کا خاکہ تیار کیا جا رہا ہے۔
دریں اثنا، سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے فحش مواد کے خلاف قوانین کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگرچہ آج کل سوشل میڈیا آزاد صحافت کا ایک بڑا ذریعہ ہے لیکن اس کے مواد کی ایڈیٹنگ نہ ہونے کی وجہ سے کئی قسم کا فحش مواد بھی شائع ہوتا ہے۔

***** ***** *****

خواتین وبہبودِ اطفال وزیر اَنّ پورنا دیوی نے کہا ہے کہ بچوں کی شادی سے پاک بھارت کا مقصد ترقی یافتہ بھارت 2047 کی قرارداد سے جڑنا ہے۔ وہ گذشتہ روز نئی دہلی میں کم سنی کی شادی سے آزاد بھارت مہم کے افتتاح کے بعد مخاطب تھیں۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ دس سالوں میں حکومت کو بااختیار بنانے کیلئے مختلف اقدامات کیے ہیں، جیسے صنفی مساوات کے لئے صنفی بجٹ۔ اس تقریب میں چائلڈ میریج فری انڈیا پورٹل کا آغاز بھی کیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

55واں انٹرنیشنل فلم فیسٹیول IFFI کا آج اختتام ہو رہا ہے۔ گوا میں ڈائریکٹر و پروڈیوسر آشوتوش گواریکر کی صدارت میں اس نوروزہ فیسٹیول میں 75 ممالک کی 200 سے زائد فلموں کی نمائش کی گئی۔ بہت ساری سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا' بشمول فلمی اداکاروں کی ماسٹر کلاسیز اور متاثر کُن پینل مباحثے لیے گئے۔ اختتامی تقریب میں مختلف ایوارڈس تقسیم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ ماحولیات اور ترقی کے درمیان ہم آہنگی ہونا چاہیے۔ ماحولیات کے تئیں کوئی تعصب نہیں ہونا چاہیے۔ ماحول کیلئے طرزِ زندگی' پائیدار ترقی کیلئے ہندوستانی نقطۂ نظر کے موضوع پر ایک سیمینار کا کل ممبئی میں گورنر کی موجودگی میں افتتاح عمل میں آیا۔ اس وقت وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ اگر ملک میں آبی تحفظ اور ندیوں کو جوڑنے کے منصوبے کا پر عمل درآمد کیا گیا تو غذائی اجناس کی پیداوار کئی گنا بڑھ جائے گی اور بھارت پوری دنیا کیلئے غذائی اجناس پیدا کرنے کے قابل ہو جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ریاستی ڈیزاسٹر مینجمنٹ پروگرام کے تحت کھام ندی کے سیلاب کی تجزیہ رپورٹ تیار کی گئی ہے۔ میونسپل کمشنر و ایڈمنسٹریٹر جی شریکانت کے ذریعے اس کا اجرا کیا گیا۔ یہ رپورٹ ایلیوییئم تنظیم کی جانب سے تیار کی گئی ہے جو سیلاب سے متعلق منصوبے تیار کرنے میں ماہر ہے اور یہ سیلابی صورتحال پر قابو پانے میں کافی مددگار ثابت ہوگی۔ اس تنظیم نے وقتاً فوقتاً چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے افسران اور ماہرین سے مشورہ کر کے کھام ندی کے سات کلو میٹر علاقے کا معائنہ کیا۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کھام ندی میں کس طرح کی تبدیلیاں ہو رہی ہیں جبکہ سیلاب کے انتظام کیلئے ایک ویب پورٹل بھی بنایا گیا ہے۔

***** ***** *****

فوج کے سربراہ اُپیندر دِویدی نے کل اہلیا نگر کے میکے نائز ڈ انفینٹری سینٹر اینڈ اسکول میں منعقدہ ایک تقریب میں میکے نائز ڈ انفینٹری کا چار بٹالین کا اہمیت کا حامل صدارتی پرچم تفویض کیا۔ یہ پروگرام قوم کیلئے مثالی اور شاندار خدمات کو خراجِ تحسین کے طور پر تھا۔ میکا نائز ڈ انفینٹری رجمنٹ کی 26 ویں اور 27 ویں بٹالین اور بریگیڈ آف دی گارڈز کی 20 ویں اور 22 ویں بٹالین کو پریسیڈنٹ کلر بھی پیش کیے گئے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے 14 ابتدائی طبّی مراکز کو محکمہ صحت عامہ کی جانب سے مریضوں کی خدمات کیلئے نئی ایمبولینس فراہم کی گئی ہیں۔ ضلع پریشد کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر آدتیہ جیونے کے ہاتھوں ایمبولینس گاڑیاں متعلقہ مراکز کے حوالے کی گئیں۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کے زیرِ اہتمام مویشیوں کی پنج سالہ مردم شماری کروائی جا رہی ہے اور آئندہ سال 28 فروری 2025 تک یہ مردم شماری جاری رہے گی۔ لٰہذا ابقائے مویشیان محکمہ کی جانب سے مقرر کردہ شمار کنندگان کو درست معلومات فراہم کرنے کی اپیل بیڑ ضلع پریشد کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر آدتیہ جیونے اور علاقائی حیوانات محکمے کے جوائنٹ کمشنر گنیش دیشپانڈے نے مویشی پروروں سے کی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے پرانڈا تعلقے کے کچھ دیہاتوں میں چیتا دکھائی دیا ہے۔ جس کے پیشِ نظر حفظِ ماتقدم کے طور پر کپیلا پوری، سوناری، کھامس گاؤں، رُوئی، سون گری، کارنجہ، بھوجا، وانگے گوہان، لونی اور خاص گاؤں سمیت دیگر دیہاتوں میں محکمہ جنگلات کے اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ گاؤں کے ساکنان اور کسانوں سے چوکنا رہنے کی اپیل محکمہ جنگلات نے کی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کی معرفت مہاراشٹر گیز ٹیٹیڈ سول سروسز کے پری لمز امتحانات یکم دسمبر کو بیڑ ضلع مرکز کے 10 ذیلی مراکز پر دو سیشنوں میں منعقد کیے جائیں گے۔ دورانِ امتحان کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی روک تھام کو یقینی بنانے کیلئے پولس کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

کھیل اور خدماتِ نوجواں ڈائریکٹوریٹ اور بیڑ کے ضلع کھیل آفیسر دفتر کے اشتراک سے آئندہ 4اور 5 دسمبر کو بیڑ میں ضلعی سطح کے یوتھ فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اس فیسٹیول میں شرکت کیلئے آئندہ 2 دسمبر تک نوجوانوں سے درخواست کرنے کی اپیل ضلع کھیل آفیسر دفتر کی جانب سے کی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کئی مقامات پر درجہ حرارت میں نمایاں کمی آئی ہے۔ ناسک میں کل دس اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا، جبکہ نفاڑ میں آٹھ اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں بھی پارہ بارہ ڈگری تک گر گیا ہے۔ اور سردی کی یہ لہر جمعہ تک جاری رہنے کی پیشن گوئی محکمہ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ حکومت کی تشکیل کیلئے مہایوتی کے اہم رہنماؤں کی آج دلّی میں میٹنگ۔

☆ شیوسینا کی جانب سے وزیرِ اعلیٰ کے عہدے سے متعلق بی جے پی کے فیصلے کی حمایت کا اعلان؛ مہایوتی میں اختلاف نہ ہونے کا دیویندر پھڑنویس کا یقین۔

☆ بیلیٹ پیپر سے انتخابات کے مطالبے کیلئے کانگریس پارٹی کی دستخطی مہم کا اعلان۔

☆ 55ویں بھارتی بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا آج گوا میں اختتام ہوگا۔

اور۔۔۔☆ ریاست کے کئی مقامات پر درجۂ حرارت میں نمایاں کمی؛ جمعہ تک سردی کی لہر جاری رہنے کا محکمۂ موسمیات کا اندازہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****